تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

February 27, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اورل پیتھولوجسٹ کا قومی دن منایا گیا

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی ڈینٹسٹری فیکلٹی نے پچیس فروری دوہزار پچیس کو اورل پیتھولوجسٹ کا قومی دن انتہائی جوش وخروش اور دلچسپی سے منایا۔اس دن کی خاص اہمیت ہے کیوں کہ یہ ہندوستان میں اورل پیتھولوجی کے اولین پوسٹ گریجویٹ ٹیچر جناب ڈاکٹر ایچ۔ ایم۔ ڈھولکیا کا یوم پیدائش ہے۔اورل پیتھولوجی سے وابستہ ماہرین کی خدمات کے اعتراف کے ساتھ ساتھ متعلقہ شعبے میں علمی مباحثوں کے فروغ کے مقصد سے یہ پروگرام منعقد کیا گیا تھا۔

ڈینٹسٹری فیکلٹی کی ڈین پروفیسر کیا سرکار کے استقبالیہ خطبے نے موجودہ ڈینٹسٹری میں اورل پیتھولوجی کی اہمیت پر زور کے ساتھ اس دن کے جشن کا ماحول تیار کر دیا۔ پروگرام کی خاص بات ’بیانڈ کا او بی اس: انٹیگریٹنگ کلی نیکل سائن اینڈ پیتھولوجیکل فائنڈنگس ان اورل ڈائیگونوسس‘ کے موضوع پر مانو رچنا ڈینٹل کالج میں اورل پیتھولوجی کے صدر، پروفیسر منیش بھارگوا کا اہم اور بصیرت افروز خطاب تھا۔ان کی تقریر سے اورل تشخیص میں پیتھولوجیکل ربط اور مریضوں کے علاج معالجے کی تفہیم کو بہتر کرنے کے سلسلے میں بیش قیمت نکات سامنے آئے۔

پروگرام میں ڈینٹسٹری فیکلٹی کے فیکلٹی اراکین، زیر تربیت ماہرین اور طلبہ نے دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔ رضا کار طلبہ نے رنگولی اور پھولوں کی سجاوٹ اور آرائش سے پروگرام میں تہوار کا سا رنگ بھر دیا۔ پروگرام کا اختتام پر تکلف کیک کاٹنے سے ہوا جو تمام شرکا کی اجتماعی کامیابیوں اور موانست کی علامت بن گیا۔

پروفیسر امن چودھری (منتظم چیئر مین) پروفیسر دیپکا بلانی پوپلی (پروگرام کوآرڈی نیٹر) پروفیسر وچتلا رانی (پروگرام کوآرڈی نیٹر) اور ڈاکٹر یسری خان (رجسٹریشن) سمیت منتظمہ ٹیم نے نیشنل اورل پیتھولوجسٹ ڈے دوہزار پچیس کو کامیاب بنانے میں تعاون دینے والے ہر شخص کا شکریہ ادا کیا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی